# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 13 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳/اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ انصاف فریقین کی دہلیز تک پہنچنا چاہیے: عدالتِ عظمیٰ کے چیف جسٹس کا اظہارِ خیال۔

☆ ریاست کے پانچ ساحلوں کو عالمی معیار کے بلو فلیگ سرٹیفکیشن کا اعزاز۔

☆ کانگریس پارٹی اطلاعات کے حق کے قانون کو مضبوط بنانے کیلئے آواز اٹھائے گی: پارٹی کے ریاستی صدر کا اعلان۔

☆ ترقی یافتہ بھارت بلڈ-تھان مقابلہ آج: ملک بھر سے اسکولی طلبہ کریں گے شرکت۔

اور۔۔۔☆ دہلی کرکٹ ٹسٹ میں تیسرے دن کے خاتمے پر فالو آن کے بعد بھی ویسٹ انڈیز 97 رنوں سے پیچھے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

عدالتِ عظمیٰ کے چیف جسٹس بھوشن گوائی نے کہا ہے کہ انصاف فریقین کی دہلیز تک پہنچنا چاہیے۔ چیف جسٹس کل رتناگری ضلع کے منڈن گڑھ کی دیوانی اور فوجداری عدالت کے افتتاح کے موقعے پر بول رہے تھے۔ اپنے خطاب میں چیف جسٹس نے کہا کہ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے دیئے گئے آئین کی وجہ سے ہمارا ملک متحد اور ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ حکومت کے تینوں ستون' پارلیمنٹ' کابینہ اور عدلیہ ملک کے شہریوں کو انصاف فراہم کرنے کیلئے ہی کام کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اگر چہ ان کے دائرۂ اختیار آزاد ہے تاہم انھیں ایک دوسرے کے خلاف کام نہیں کرنا چاہیے۔ چیف جسٹس گوائی نے پچھلے چند برسوں میں عدلیہ کے بنیادی ڈھانچے کو مختلف سہولیات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرنے پر ریاستی حکومت کی تعریف کی۔

اس موقعے پر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس' نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے' وزیرِ صنعت اور رتناگری کے رابطہ وزیر اُدے سامنت اور دیگر معززین موجود تھے۔

اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اپنے خطاب میں کہا کہ منڈن گڑھ کی نئی عدالت کے مضافات کے تقریباً چار تا ساڑھے چار لاکھ آبادی کیلئے مرکز ہوگی۔ اسی طرح ان کے سفر اور پیسوں کی بچت ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ انصاف کے نظام کو رفتار دینے کا کام جاری ہے اور عدالتیں جو بھی احکامات دیں گی ان پر عمل کیا جائے گا۔ وہیں نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ ریاست میں کئی مقامات پر نئی عدالتیں بن رہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جب عدلیہ کی قیادت اور حکومت کی مرضی ایک ساتھ آتی ہے تو انصاف شہریوں کی دہلیز تک پہنچتا ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کے پانچ ساحلوں کو عالمی بلیوفلیگ سرٹیفکیشن ملا ہے۔اس فہرست میں رائے گڑھ ضلع کے شری وردھن، ناگاؤں، پال گھر کے پرنکا اور رتنا گری ضلع میں گوہاگر اور لاڈگرھر کے ساحل شامل ہیں۔خواتین اور بچوں کی ترقی کی ریاستی وزیر ادیتی تٹکرے نے یہ اطلاع دی۔فاؤنڈیشن فار انوائرنمنٹل ایجوکیشن آف ڈنمارک نے 33 معیارات کی بنیاد پر صاف، خوبصورت اور ماحول دوست ان ساحلوں کو یہ درجہ بنیادی دی ہے۔اس کے معیارات میں ماحولیاتی تعلیم، پانی کا معیار، ماحولیاتی انتظام، خدمت اور حفاظت بھی شامل ہے۔

***** ***** *****

نیشنل سیکوریٹی گارڈس (NSG) کے 26ویں خصوصی گروپ نے کل 2008 کے ممبئی دہشت گردانہ حملے کے شہید میجر سندیپ اُنی کرشنن کی یاد میں ایک سائیکلوتھان کا اہتمام کیا۔اس سائیکل مقابلے کا مقصد NSG کے یومِ تاسیس کے موقع پر رحمِ مادر کے منہ کے کینسر سے متعلق بیداری پیدا کرنا اور فٹ انڈیا تحریک کو فروغ دینا ہے۔NSG کی اس پہل میں 250 سے زائد پیشہ ور سائیکل سواروں نے شرکت کی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے کہا ہے کہ معلومات کے حصول کے حق کے قانون کو مؤثر بنانے کیلئے آواز اٹھانے کی ضرورت ہے۔موصوف کل ممبئی میں ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔کانگریس کے ذریعے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے نفاذ کو 20 برس ہو چکے ہیں۔انھوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی حکومت عوام کو دیئے گئے اس حق سے کنارہ کشی اختیار کر رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ پارٹی اس قانون کو اور مضبوط بنانے کی کوشش کرے گی۔

***** ***** *****

آئندہ بہار اسمبلی انتخابات کیلئے قومی جمہوری اتحاد (NDA) میں نشستوں کی تقسیم کا فیصلہ کیا گیا ہے۔اس کے تحت بھارتیہ جنتا پارٹی 101 نشستوں پر، لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) 29 پر اور یونائیٹڈ جنتا دَل 101 سیٹوں پر چناؤ لڑیں گی۔وہیں راشٹریہ لوک مورچہ اور ہندوستانی عوام مورچہ چھ-چھ نشستوں پر اپنے امیدوار کھڑے کریں گے۔

***** ***** *****

ترقی یافتہ بھارت بلڈ۔یتھان قومی مقابلے کا آج انعقاد کیا جا رہا ہے۔ملک بھر کے اسکولی طلبہ میں اختراعی اور تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی کی خاطر اس مقابلے کا اہتمام کیا گیا ہے۔یہ اختراعی مقابلہ سودیشی، خودکفیل بھارت، ووکل فار لوکل اور سمردھ بھارت کے تصورات پر مبنی ہے۔اس مقابلے میں ملک بھر کے اسکولوں کے طلبہ کی ٹیمیں لائیو اسٹریمنگ کے ذریعے متعلقہ پروگرام میں آن لائن طریقے سے شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے ''ڈاکٹر جینت نارلیکر ریاستی وسائنس مطالعہ افزودگی پروگرام'' کے نفاذ کی خاطر ''خان اکیڈمی'' کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔اس سے 50 لاکھ سے زائد طلبہ کو فائدہ ہوگا۔اس پروگرام کے تحت، خان اکیڈمی کے عالمی معیار اور مہاراشٹر کے ریاستی نصاب سے منسلک ریاضی اور سائنس کے تعلیمی مواد کو 26-2025 میں ریاست بھر کے 62 ہزار سے زائد ضلع پریشد اسکولوں میں پہلی تا دسویں جماعتوں کو پڑھانے کے عمل میں شامل کیا جائے گا۔یہ تعلیمی مواد مراٹھی اور انگریزی میں دستیاب ہوگا۔ویڈیو کلپس کا استعمال کرتے ہوئے مطالعہ کرنے سے طلبہ میں نظریات کو سمجھنے میں مزید مدد ملے گی۔

***** ***** *****

بیڑ کی بھارتیہ شکشن پرسارک سنستھا نے سیلاب متاثرین کی امداد کی خاطر وزیرِ اعلیٰ ریلیف فنڈ میں پانچ لاکھ روپئوں کا عطیہ دیا ہے۔ ادارے کی جانب سے کل ضلع کلکٹر ویویک جانسن کو اس عطیے کا چیک سونپا گیا۔ پال گھر میں واقع دانڈیکر کالج کے کیریئر ڈیولپمنٹ شعبے نے بھی کالج کی مدد سے اپنی سماجی ذمہ داری کو ذہن میں رکھتے ہوئے مراٹھواڑہ میں سیلاب متاثرین کی مالی مدد کی ہے۔ کالج میں سیلاب متاثرین کی امداد کیلئے فنڈ اکٹھا کرنے کی مہم کا اہتمام کیا گیا۔ اس اقدام سے جمع ہونے والی رقم وزیرِ اعلیٰ ریلیف فنڈ کے ذریعے سیلاب زدہ علاقوں میں بھیجی گئی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے ''اوندھ'' میں عجائب گھر کے تحفظ اور دیکھ بھال کی خاطر 52 کروڑ روپئوں کے تخمینے کو منظوری دی ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کل 85 ویں اوندھ میوزک فیسٹیول میں تیقن دیا کہ ماحولیاتی توازن کو برقرار رکھتے ہوئے اور تاریخی ورثے کو محفوظ رکھتے ہوئے اس میوزیم کی تزئین و آرائش کی جائیگی۔

***** ***** *****

دیوالی کے موقع پر چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کے بازاروں میں جوش و خروش کا ماحول ہے۔ گلمنڈی، پیٹھن گیٹ، اورنگ پورہ، ہڈکو اور والوج کے بازاروں میں خریداروں کا ہجوم ہے۔ وہیں پربھنی ضلع میں اس موقع پر اسکاٹش اکیڈمی کے طلبہ کے ذریعے بنائے اور سجائے گئے قمقموں اور آسمانی قندیلوں کی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔

***** ***** *****

پولس پاٹلوں کے تقررات کیلئے کل جالنہ ضلع میں تحریری امتحان کا انعقاد کیا گیا۔ ان امتحانات کو شفاف اور کوتاہیوں سے پاک بنانے کی خاطر ضلع کلکٹر آشیما متل نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کر کے امتحانی عمل کا معائنہ کیا۔ ضلع میں 724 خالی عہدوں کیلئے 24 امتحانی مراکز پر کُل سات ہزار 843 امیدواروں نے ان امتحانات میں شرکت کی۔

***** ***** *****

بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دہلی میں کھیلے جا رہے دوسرے ٹسٹ کرکٹ میچ میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم 97 رنوں سے پیچھے ہے۔ میچ کے تیسرے دن کل ویسٹ انڈیز کی ٹیم کو فالو آن ملا۔ جس کے بعد دن کے اختتام پر اُس نے دو وکٹوں کے نقصان پر 173 رنز بنائے۔ کلدیپ یادو نے 82 رنوں کے بدلے پانچ وکٹیں لیکر بھارت کو برتری دلائی۔ انھوں نے صرف 15 ٹسٹ میچوں میں پانچ مرتبہ پانچ وکٹیں لے کر عالمی ریکارڈ بنایا۔ رویندر جڈیجہ نے تین جبکہ محمد سراج اور جسپریت بمراہ نے ایک ایک وکٹ لی۔

***** ***** *****

بھارتی ٹیم کو کل خواتین کے عالمی کپ کرکٹ مقابلے کے گروپ میچ میں آسٹریلیاء کے ہاتھوں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے 330 رنز بنائے۔ آسٹریلوی ٹیم نے یہ ہدف سات کھلاڑیوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ چار پوائنٹس کے ساتھ بھارت درجہ بندی فہرست میں تیسرے مقام پر ہے۔

***** ***** *****

ملیشیاء کے جوہور بہرو میں جونیئر مردوں کے سلطان آف جوہور کپ ہاکی ٹورنامنٹ میں کل بھارت نے نیوزی لینڈ کو 2-4 سے شکست دے دی۔ بھارت کی جانب سے ہرش دیپ سنگھ، بی پی سنیل، ارائی جیت سنگھ ہنڈل، اور روشن کجور نے ایک ایک گول کیا۔ بھارت کا آئندہ مقابلہ منگل کے روز پاکستان سے ہوگا۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات نے 15 تا 18 اکتوبر کے دوران ودربھ٬ مراٹھواڑہ اور وسطی مہاراشٹر میں ابر آلود موسم ہونے ٬ دوپہر کے بعد بادلوں کی گرج اور بجلی کی چمک کے ساتھ بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ انصاف فریقین کی دہلیز تک پہنچنا چاہیے: عدالتِ عظمٰی کے چیف جسٹس کا اظہارِ خیال۔

☆ ریاست کے پانچ ساحلوں کو عالمی معیار کے بلو فلیگ سرٹیفکیشن کا اعزاز۔

☆ کانگریس پارٹی اطلاعات کے حق کے قانون کو مضبوط بنانے کیلئے آواز اٹھائے گی: پارٹی کے ریاستی صدر کا اعلان۔

☆ ترقی یافتہ بھارت بلڈ-تھان مقابلہ آج: ملک بھر سے اسکولی طلبہ کریں گے شرکت۔

اور۔۔۔☆ دہلی کرکٹ ٹسٹ میں تیسرے دن کے خاتمے پر فالو آن کے بعد بھی ویسٹ انڈیز 97 رنوں سے پیچھے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل٬ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****